Department of Education
Chancellor David C. Banks

3 جنوری، 2022

عزیزی اہلِ خانہ،

ہم امید کرتے ہیں کہ آپ نے ایک آرام دہ تعطیل گزاری ہوگی اور اپنے پیاروں کے ساتھ وقت صرف کرنے کے قابل ہوئے ہونگے۔ ایک واقعی میں مستحق موسم سرما کی تعطیلات گزارنے کے بعد ہمارے کلاس روم میں واپس آتے ہوئے ہم آپکا خیر مقدم کرتے ہیں، جہاں ہمارے طلبا، اہل خانہ اور عملے کی صحت اور حفاظت ہماری اولین ترجیح رہنا جاری رہے گی۔ اسکے لیے، ہم صحت اور حفاظت کی خاطر مزید اقدامات لے رہے ہیں تاکہ طلبا اور عملے کو محفوظ رکھنے کو یقینی بنایا جا سکے اور یہ کہ اسکولوں کو کھلے رکھنا جاری رکھا جا سکے۔

ذیلی تبدیلیاں ہمارے شہر اور ریاست کے عوامی صحت کے رفقائے کار کی شراکت میں عمل میں لائی گئی ہیں اور وفاقی اور سائنسی رہنمائی پر مبنی ہیں۔

**گھر پر جانچ کِٹس (Home Test Kits)**

- 3 جنوری سے، اسکول، گھر لے جانے کے لیے COVID-19 جَلد (ریپڈ) جانچ کٹس **ان تمام طلبا یا عملہ میں مفت تقسیم کرنا شروع کرینگے جن میں COVID جیسی علامات پائی گئی ہیں یا ایک ایسے کلاس روم میں تھے جہاں ایک مثبت کیس کی نشاندہی ہوئی ہے۔**
- اگر آپ کے بچے کا اسکول میں COVID-19 کا **سامنا** ہوا ہے، برائے مہربانی جس دن انہوں نے گھریلو جانچ موصول کی تھی انکی پہلی جانچ کرنے میں اپنے بچے کی مدد کریں اور سامنا ہونے کے پانچ دن بعد یا پہلی علامات کے ظاہر ہوتے ہی دوسری جانچ کرنے میں مدد کریں۔
  - جب تک آپ کے بچے کے منفی نتائج آتے رہیں یا COVID-19 کی علامات ظاہر نہ ہوئی ہوں، آپ کا بچہ اسکول آنا جاری رکھ سکتا ہے۔
  - اگر آپ کے بچے میں COVID جیسے علامات ہیں یا پانچویں دن سے قبل بیمار محسوس کرے، برائے مہربانی آپ بچے کو علیحدہ رکھیں اور فوراً دوسری گھریلو جانچ کریں۔
  - اگر آپ کے بچے کی جانچ کا نتیجہ مثبت آتا ہے، آپ کے بچے کو پہلا مثبت نتیجہ آنے کے بعد 10 دن تک علیحدہ رکھنا لازمی ہے۔ برائے مہربانی اپنے بچے کے اسکول کو فوراً مطلع کریں اور مزید مشورہ حاصل کریں۔
- اگر آپ کے بچے کو اسکول میں COVID-19 کی **علامات تھیں**، برائے مہربانی اسکی پہلی جانچ کرنے میں اپنے بچے کی **فوراً** مدد کریں اور **24 گھنٹے بعد** دوسری جانچ کرنے میں مدد کریں۔
  - آپکا بچہ 24 گھنٹوں کے اندر ان دونوں گھریلو جانچوں کے منفی نتیجہ آنے یا بغیر بخار کم کرنے کی دوائی لیے 24 گھنٹوں تک بخار کے نہ آنے تک **یا** آپکے بچے کا PCR COVID جانچ کا نتیجہ منفی آجانے سے قبل اسکول نہیں آسکتا۔
  - اگر آپ کے بچے کی جانچ کا نتیجہ مثبت آتا ہے، آپ کے بچے کو پہلا مثبت نتیجہ آنے کے بعد 10 دن تک علیحدہ رکھنا لازمی ہے۔ برائے مہربانی اپنے بچے کے اسکول سے فوراً رابطہ کریں اور جانچ کے نتائج سے آگاہ کریں۔
- جس کسی طالب علم کا گھریلو جانچ کا نتیجہ مثبت آتا ہے اسے فوراً اسکول کو اطلاع دینی چاہئیے اور علیحدہ رہنا شروع کر دینا چاہئیے۔ جن طلبا کا جانچ کا نتیجہ مثبت آیا ہے انہیں لازماً 10 دنوں کے لیے علیحدہ ہو جانا چاہئیے اور وہ (11) گیارویں دن اسکول واپس آسکتے ہیں۔ اسکول واپس آنے کے لیے منفی جانچ کی ضرورت نہیں ہے۔
- یاد دہانی کے طور پر، محکمئہ تعلیم کے تمام طلبا، عملہ اور آنے والے مہمانوں کو اسکول کی عمارتوں میں داخل ہونے کے لیے صحت جانچکار (Health Screening) لازماً پاس کرنا ہوگا۔ جن طلبا اور عملے کو گھر لیجانے کے لیے جَلد جانچ کٹس دیے گئے تھے انکے منفی نتائج کا تبادلہ کرنے کے لیے صحت جانچکار پر مزید سوالات کا اضافہ کیا جائے گا۔ ان طلبا کو اسکول کی عمارتوں میں داخلے کے لیے کسی دیگر ثبوت یا ایک منفی نتیجہ کی ضرورت نہیں ہے۔

**نئی کوارنٹین پالیسی**

ہمارا ہدف ہے کہ طلبا کی اسکول میں جتنی ممکن ہو سکے حفاظت کو یقینی بنایا جائے، اور ہم نے اپنی پالیسوں میں اسی ہدف کو یقینی بنانے کے لیے تجدید کی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر کلاس روم میں کوئی مثبت کیس ہوتا ہے:

- کنڈرگارٹن سے 12 گریڈ کے بغیر ویکسین کے طلبا یا جو ابھی تک مکمل ویکسین شدہ نہیں ہیں اور جو ان طلبا کے نزدیک موجود تھے اب انہیں کوارنٹین کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور اگر ان میں علامات نہیں ہیں اور ایک COVID جانچ کا مثبت نتیجہ نہیں آیا ہے،

اسکول آنا جاری رکھیں گے۔ اسکے بجائے، اس کلاس روم میں موجود تمام طلبا اور بالغان گھر لیجانے کے لیے ایک جَلد جانچ کٹ (ریپڈ کِٹ) موصول کرینگے اور پانچ دنوں کے دوران دو مرتبہ جانچ کرینگے۔

- K-3 اور پری کنڈرگارٹن کے طلبا کے لیے، وہی کوارنٹین پالیسی برقرار رہے گی، جسکا مطلب ہے کہ کوئی K-3 یا پری کنڈرگارٹن کا طالب علم جو ایک مثبت کیس کے نزدیک موجود رہا ہے، اسے اب بھی 10 دن تک لازمی کوارنٹین کرنا ہوگا۔

**اسکول میں نگرانی ٹیسٹنگ میں اضافہ**

اپنے طلبا، اہل خانہ اور عملے کی حفاظت کو مزید یقینی بنانے کے لیے، اسکول میں نگرانی والے جانچ کے پروگرام کو ہر اسکول میں ویکسین والے اور بغیر ویکسین والوں کی جانچ کرنے کی تعداد دُگنی کرکے توسیع دی جا رہی ہے، بشمول گریڈ 1 اور اوپر کے گریڈز۔ اسکول میں بلا ترتیب کڑا جانچ پروگرام اسکولوں میں COVID-19 کے پھیلاو کے معاملے پر عوامی صحت کے ماہرین کو ایک درست نظریہ فراہم کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہم تمام خاندانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ قطع نظر اسکے کہ ان کا بچہ ویکسین شدہ ہے یا نہیں، نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ (SchoolsAccount.nyc) کے ذریعے اسکول میں جانچ کرنے کی اجازت دیں یا ایک دستخط شدہ کاغذی فارم اسکول کو واپس کریں۔ طلبا کی جانچ اور کئی زبانوں میں قابل اشاعت اجازت نامے کے بارے میں مزید معلومات نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) کی ویب سائٹ سے حاصل کی جا سکتی ہیں: schools.nyc.gov/covidtesting

جانچ کرانا اسکولوں کو کھلے رکھنے اور برادریوں کے محفوظ رکھنے کا ایک انتہائی اہم جز ہے۔ ان تمام اہل خانہ کا شکریہ جنہوں نے پہلے ہی جانچ کرنے کی اجازت دے دی ہے، اور آپ کا ہمارے ساتھ اسکول میں جانچ کرنے کے پروگرام میں تعاون کرنے کا شکریہ!

**COVID-19 جانچ کے مقامات**

- محکمہ برائے صحت اور دماغی صحت (DOHMH) پانچوں بروز میں مسلسل جانچ کے نئے مقامات کھول رہا ہے۔ ہم اسکی انتہائی حوصلہ افزائی کرینگے کہ تمام طلبا ایک PCR، لیب پر مبنی جَلد جانچ، یا ایک گھریلو جانچ کِٹ کےذریعے COVID-19 کی جانچ کرائیں، اس سے قطع نظر کہ انکی ویکسینیشن کی کیا حیثیت ہے۔ جانچ کے مقامات بمع گھر پر جَلد جانچ، کی ایک فہرست کے لیے 212-COVID19 پر کال کریں، یا یہاں http://nyc.gov/covidtest جائیں یا 48-855 پر "COVID TEST" ٹیکسٹ کریں یا قریبی جانچ کے مقام تلاش کرنے کے لیے 311 پر کال کریں۔
- اسکے علاوہ، کئی دوا فروش اور ڈاکٹروں کے دفاتر بھی COVID-19 جانچ کی پیشکش کر سکتے ہیں. برائے مہربانی اپنے بچے کے ڈاکٹر کے دفتر یا مقامی دوا فروش سے معلوم کریں کہ کیا وہ ایک جانچ کرانے کے لیے وقت دے سکتے ہیں۔

ہم جانتے ہیں کہ آپ کے لیے اپنے بچوں کا اسکول میں رہنا اور صحت مند اور محفوظ ماحول میں تعلیم حاصل کرنے سے زیادہ کوئی چیز اہم نہیں ہے۔ آج ہم جن تبدیلیوں کا اعلان کر رہے ہیں انکا مقصد ہمارے طلبا کو جتنا ممکن ہو سکے کم سے کم خلل والے کلاس روم میں رکھنا ہے اور ساتھ میں انکی حفاظت کو مقدم اور مرکزی مقام دینا ہے۔

جیسے جیسے حالات بدلتے ہیں ہم آپ کو تازہ ترین معلومات سے آگاہ کرتے رہیں گے اور آپ سے ان تجدید شدہ پالیسیوں اور طریقہ کار پر تبصرے لیتے رہیں گے۔ ہم آپ کا ہمارے بچوں اور عملے کو اسکول میں محفوظ رکھنے میں ساتھ دینے کا پیشگی شکریہ ادا کرتے ہیں۔

شراکت میں،

David C. Banks
نیویارک شہر اسکولز چانسلر